13دسمبر2011

رواں مالی سال کے پہلے پانچ ماہ کے دوران ترسیلات زر 18فیصد سے زائد اضافے کے ساتھ 5.24 بلین ڈالر تک پہنچ گئیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی ورکرز نے رواں مالی سال (12-2011) کے پہلے پانچ ماہ (جولائی۔نومبر 2011) کے دوران 5,239.99 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن بھیجیں جو گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے (جولائی۔نومبر 2010) کی ترسیلات زر 4,428.30 ملین ڈالر کے مقابلے میں 811.69 ملین ڈالر یا 18.33 فیصد زیادہ ہیں۔

رواں مالی سال کے پہلے پانچ ماہ کے دوران دنیا کے تمام ممالک سے ترسیلات زر کی آمد میں اضافہ ہوا۔ جولائی۔نومبر 2011 کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکا، جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان)، برطانیہ اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 1,364.36 ملین ڈالر، 1,167.25 ملین ڈالر، 975.12 ملین ڈالر، 600.04 ملین ڈالر، 594.30 ملین ڈالر اور 160.26 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ گذشتہ مالی سال کے پہلے پانچ ماہ (جولائی۔نومبر 2010) کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 935.76 ملین ڈالر، 1,045.32 ملین ڈالر، 841.32 ملین ڈالر، 530.30 ملین ڈالر، 496.09 ملین ڈالر اور 147.57 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال کے پہلے پانچ ماہ (جولائی۔نومبر 2011) کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 378.66 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں جبکہ گذشتہ مالی سال کے پہلے پانچ ماہ (جولائی۔نومبر 2010) کے دوران ان ممالک سے 431.93 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن موصول ہوئی تھیں۔

جولائی۔نومبر 2011 کے دوران ماہانہ اوسط ترسیلات زر 1,048.00 ملین ڈالر رہیں جو گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کی اوسط ترسیلات زر (885.66 ملین ڈالر) کے مقابلے میں 18.33 فیصد زیادہ ہیں۔

نومبر 2011 کے دوران بیرون ملک مقیم پاکستانی ورکرز کی جانب سے 924.92 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن بھیجی گئیں جو گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے (نومبر 2010) کی ترسیلات زر 926.89 ملین ڈالر کے مقابلے میں 0.21 فیصد کم ہیں۔

نومبر 2011 کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکا، جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان)، برطانیہ اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 218.98 ملین ڈالر، 204.13 ملین ڈالر، 179.77 ملین ڈالر، 113.89 ملین ڈالر، 107.38 ملین ڈالر اور 30.45 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ نومبر 2010 کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 171.45 ملین ڈالر، 225.75 ملین ڈالر، 175.05 ملین ڈالر، 113.39 ملین ڈالر، 102.85 ملین ڈالر اور 30.50 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ نومبر 2011 کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 70.32 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں جبکہ نومبر 2010 کے دوران ان ممالک سے 107.9 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن موصول ہوئی تھیں۔

[☆☆☆]